DAILY EXPRESS
روزنامہ ایکسپریس اسلام آباد
روزنامہ ایکسپریس،اسلام آباد،جمعرات،4،دسمبر،2014

اسلام آباد: (اوپر) معذوروں کے عالمی دن کے موقع ایف نائن پارک میں منعقدہ تقریب میں بچے ٹیبلو پیش کرر ہے ہیں (نیچے) راولپنڈی آرٹس کونسل میں ٹیبلو پیش کیا جا رہا ہے (فوٹو: ایکسپریس)

معذور افراد کو کارآمد شہری بنانے کیلیے کوشاں ہیں، عثمان ابراہیم

معذوروں کا عالمی دن منایا گیا، راولپنڈی، اسلام آباد میں تقریبات کا انعقاد

اسلام آباد، راولپنڈی (خصوصی نمائندہ، نامہ نگار خصوصی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں معذوروں کا عالمی دن منایا گیا، وزیر مملکت برائے کیڈ بیرسٹر عثمان ابراہیم نے کہا ہے کہ معذور افراد کو ملکی ترقی کے دھارے میں شامل کرنا اور انہیں معاشرے کا کارآمد شہری بنانے کیلیے حکومت کوشاں ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے معذوروں کے عالمی دن کے حوالے سے سپیشل ایجوکیشن سنٹر میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب سے ایم ڈی بیت المال بیرسٹر عابد وحید شیخ نے بھی خطاب کیا ادھر معذور افراد کے عالمی دن کے موقع پر راولپنڈی آرٹس کونسل میں پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔